© rasailojaraid.com



**خاتمہ کلام** | مزارعت کے بارے میں مخالف و موافق دلائل اور آئمہ سلف و خلف کے افکار و آراء ناظرین کے سامنے آچکے ہیں۔ اب وہ خود فیصلہ کر سکتے ہیں کہ آثار و سنن کی روشنی میں کونسا مسلک صحیح ہو سکتا ہے، یہ بھی ممکن ہے کہ اس تحقیقی مطالعہ میں اہم مسئلہ کا کوئی پہلو نگاہ سے اوجھل رہ گیا ہو۔ اس لئے اہل علم حضرات سے التماس ہے کہ وہ اس سلسلہ کی معلومات منظر عام پر لائیں تاکہ بحث و مذاکرہ اور فکر و تحقیق کے بعد کسی واضح فیصلہ پر اتفاق کیا جا سکے۔

---

# ترجمان القرآن "پر خیانت" کی دست درازیاں

"ترجمان القرآن" کو ان دنوں جو سب سے بڑی مشکل درپیش ہے وہ یہ ہے کہ پوری احتیاط سے پرچہ پوسٹ کرنے کے باوجود بہت ہی کثرت سے شکایت ملی رہی ہیں کہ پرچہ خریداروں کو نہیں ملتا۔ یہاں تک کہ بعض خریداروں کو دوبارہ پرچہ بھیجنے کے باوجود نہیں مل سکا۔ خصوصاً انڈیا کے خریداروں اور ایجنٹوں کے پرچے ـــ عام پرچے ہی نہیں، رجسٹرڈ پیکٹ تک نہایت کثرت سے اڑائے جا رہے ہیں۔ پھر اس طرح کی اطلاعات بھی مل چکی ہیں کہ پرچہ ڈاک خانہ میں پہنچ جاتا ہے، لیکن فریسندہ کو تقسیم نہیں ہوتا، علاوہ بریں نظام ترسیل پر ہی رسالے کے پیکٹ بعض اوقات کئی کئی روز پڑے رہتے ہیں اور بروقت روانہ نہیں کئے جاتے۔ اس سلسلے میں ڈاک کے افسروں کو توجہ دلائی گئی ہے لیکن کسی جوابی کارروائی کا ہمیں علم نہیں ہو سکا!

اِن حالات میں ہم محکمۂ ڈاک کے کارکنوں سے گذارش کرتے ہیں کہ:-

(۱) آپ حضرات ایک اسلامی ریاست کے ملازم ہونے یا اپنے مسلمان ہونے یا کم از کم انسان ہونے کا کچھ تو لحاظ کریں اور اپنے اخلاق کا معیار بلند کریں۔

(۲) جو اصحاب آپ میں سے فرض شناس اور امانت دار ہوں وہ صرف اپنی ذات کی ذمہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



داری لے کے ہی نہ بیٹھ رہیں بلکہ وہ اپنے ساتھیوں کی بدعنوانیوں پر اُن کو ٹوکیں اور محکمہ کو بد دیانتی سے پاک کرنے کی کوشش کریں۔

(۳) آپ میں سے جو اصحاب اپنی خواہشات کے سامنے بالکل بے بس ہوں اور ترجمان القرآن کو بہر حال مفت ہی پڑھنا چاہتے ہوں تو وہ براہ کرم ہمیں براہ راست اپنا پتہ بھیجدیں تاکہ ہم اُن کی خدمت میں مفت پرچہ بھجوانے کا انتظام کریں۔ اور خریداروں کی حق ماری نہ ہو۔ ہم محکمہ ڈاک کے افسروں سے بھی درخواست کریں گے کہ وہ اپنے ہاں کے ایسے ملازمین کی فہرست ہمارے دفتر کو بہم پہنچادیں۔

خریداران ترجمان القرآن سے درخواست ہے کہ وہ ان حالات کا مقابلہ کرنے میں ہماری مدد حسب ذیل طریقوں سے کریں:-

(۱) مقامی ڈاک خانے (یا پوسٹ مین) سے اپنے پرچے کے بارے میں استفسار کرتے رہیں۔

(۲) اگر مہینے کے وسط تک پرچہ نہ ملے تو انسپکٹر جنرل ڈاک خانہ جات کو شکایت نامہ بھیجیں۔

(۳) اگر آپ کا پرچہ ڈاک خانے میں کھولا یا روکا جاتا ہو تو محکمہ کے ملازمین سے براہ راست شکایت کریں۔ نیز افسران بالا کو مطلع کریں۔

(۴) اگر کہیں محکمہ ڈاک کا کوئی ملازم پرچے کو فروخت کرتا پایا جائے تو اس کی اطلاع ہمیں بھی اور محکمہ ڈاک کے افسروں کو بھی فوراً دیں۔

انڈیا کے خریداروں کا معاملہ نسبتہً زیادہ پیچیدہ ہے! تاہم دفتر اس امر کا جلد ہی کوئی مناسب انتظام کردے گا کہ پرچہ باقاعدگی سے پہنچ سکے۔ اللہ تعالیٰ ہماری مشکلات کو حل فرمائے۔

منیجر ترجمان القرآن

---


# پَردَہ

تالیف:- سید ابوالاعلیٰ صاحب مودودی — قیمت:- دو روپے آٹھ آنے

مولانا سید ابوالاعلیٰ صاحب مودودی کی مشہور کتاب "پردہ" کا پانچواں ایڈیشن شائع کیا گیا ہے۔ کتاب کے تعارف کیلئے موصوف کا نام ہی کافی ہے۔

ملنے کا پتہ:- مکتبہ جماعت اسلامی، ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور


© rasailojaraid.com